© rasailojaraid.com



انا للہ وانا الیہ راجعون

# سفرِ آخرت کے راہی

اللھم اغفر للمؤمنین والمؤمنات والمسلمین والمسلمات واعذھم من فتنۃ القبر وعذاب النار وعافھم واعف عنھم وادخلھم جنت الفردوس○

## شیخ الحدیث استاذ العلماء مولانا عبدالحلیم کا انتقال پُر ملال

جامعہ محمدیہ اہل حدیث اوکاڑہ کے شیخ الحدیث مولانا عبدالحلیم صاحب 7 دسمبر 2007ء بروز جمعۃ المبارک اوکاڑہ میں بوقت فجر انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مولانا موصوف ایک منجھے ہوئے محقق عالم دین تھے۔ ادب و فلسفہ اور منطق کے قابل ترین اساتذہ میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ آپ جماعت اہل حدیث کے مشہور و معروف مناظر و عالم دین مولانا عبدالرحیم کوٹلوی رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادے اور جماعت کے معروف خطیب حافظ عبدالعلیم یزدانی (جھنگ) اور مولانا عبدالحکیم (پتوکی) کے برادرِ گرامی ہیں۔

گزشتہ 36 برس سے جامعہ محمدیہ اوکاڑہ میں درس بخاری شریف' عربی فاضل و دیگر علوم کی تعلیم دے رہے تھے۔ اس دوران ان سے بے شمار علماء و طلباء نے علمی استفادہ کیا اور یہ علماء کئی دوسرے مقامات پر دین اسلام کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ یقیناً یہ شاگرد مرحوم کے لیے صدقہ جاریہ ہیں۔ انہوں نے پسماندگان میں پانچ بیٹے' ایک بیٹی اور ہزاروں شاگرد سوگوار چھوڑے ہیں۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

## چودھری محمد یاسین ظفر کو صدمہ

جماعتی حلقوں میں یہ خبر انتہائی حزن و ملال سے سنی گئی کہ پرنسپل جامعہ سلفیہ فیصل آباد چودھری محمد یاسین ظفر کے برادر اصغر چودھری محمد اکرم 5 دسمبر 2007ء کو مختصر علالت کے بعد راولپنڈی میں انتقال کر گئے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اناللہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم انتہائی ملنسار اور ہنس مکھ انسان تھے۔ خدمت خلق کا جذبہ اللہ تعالیٰ نے انہیں ودیعت فرمایا تھا۔ اپنے سے چھوٹوں کے لیے بڑے شفیق اور مہربان تھے۔ روزگار کے سلسلہ میں کافی عرصہ سے راولپنڈی میں مقیم تھے۔ وہاں ہی ان کی وفات ہوئی۔ اسی دن ان کی نمازِ جنازہ ان کے آبائی گاؤں بورے والا میں شیخ الحدیث حافظ مسعود عالم صاحب نے پڑھائی۔ نمازِ جنازہ میں علماء وطلباء اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اساتذہ وطلبہ جامعہ سلفیہ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ بعدازاں انہیں ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں سپردخاک کیا گیا اور شیخ الحدیث حافظ عبدالعزیز علوی نے دعائے مغفرت فرمائی۔

ادارہ جامعہ سلفیہ کی انتظامیہ، اساتذہ وطلبہ نے مرحوم کے لواحقین خصوصاً چودھری محمد یاسین ظفر صاحب سے اظہارِ تعزیت کیا اور مرحوم کی مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

☆.......☆.......☆.......☆.......☆.......☆

## حکیم حافظ عبدالرزاق سعیدی فاروق آبادی کو صدمہ

جماعت کی معروف روحانی و بزرگ شخصیت حکیم حافظ عبدالرزاق سعیدی امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع شیخوپورہ کی ہمشیرہ محترمہ منڈی فاروق آباد میں 5 دسمبر 2007ء کو وفات پا گئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

مرحومہ نہایت صالحہ، عبادت گزار اور شب زندہ دار خاتون تھیں۔ عرصہ دراز سے مدرسہ رحمانیہ للبنات فاروق آباد کے معاملات کی نگرانی فرما رہی تھیں اور طالبات کے ساتھ ان کا رویہ انتہائی مشفقانہ تھا۔ حضرت حافظ صاحب کے لیے ان کی وفات بہت بڑا صدمہ ہے، اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور حضرت حکیم حافظ عبدالرزاق سعیدی صاحب ودیگر پسماندگان کو صبرِ جمیل کی توفیق دے۔ آمین۔

☆.......☆.......☆.......☆.......☆.......☆

## حاجی محمد شفیع صاحب انتقال کر گئے

جماعت کی معروف علمی شخصیت علامہ حکیم محمد ابراہیم طارق صاحب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تحصیل صفدر آباد کے چچا جان اور حاجی محمد اسماعیل صاحب ناظم مالیات مرکزیہ تحصیل صفدر آباد کے والد محترم حاجی محمد شفیع طویل علالت کے بعد 4 جنوری 2008ء بروز جمعۃ المبارک کو وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم انتہائی متقی' پرہیز گار' صوم وصلوٰۃ کے پابند' تہجد گزار تھے۔ بہت باکردار' خلیق اور خوش طبع انسان تھے۔ مسجد سے خصوصی لگاؤ رکھتے تھے۔

بیماری کی حالت میں بھی دینی معاملات میں بہت دلچسپی رکھتے تھے۔ نماز باجماعت ادا کرنے کی کوشش کرتے۔ اُن کی نمازِ جنازہ بعد نمازِ عصر اور بعد نمازِ عشاء دو مرتبہ ادا کی گئی۔ جس میں علاقہ بھر سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ نمازِ جنازہ علامہ محمد ابراہیم طارق صاحب نے پڑھائی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت عطا فرمائے۔

اللہ تعالیٰ لواحقین خصوصاً علامہ ابراہیم طارق اور حاجی محمد اسماعیل صاحب کو صبر جمیل کی توفیق دے اور مرحوم کے جنت میں درجات بلند فرمائے۔ آمین۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

**ادارہ جامعہ سلفیہ** کی انتظامیہ' اساتذہ وطلبہ خصوصاً شیخ الجامعہ حافظ عبدالعزیز علوی' حافظ مسعود عالم' مولانا محمد یونس' میاں نعیم الرحمٰن طاہر رئیس الجامعہ' صوفی احمد دین' پرنسپل جامعہ چودھری محمد یاسین ظفر' مفتی عبدالحنان زاہد نے مرحومین کے لیے مغفرت کی دعا کرتے ہوئے پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کیا اور صبرِ جمیل کی دعا کی۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کو کروٹ کروٹ جنت عطا فرمائے۔ آمین۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

پینٹرز کاتب
سائن بورڈ
کلاتھ بینر
سکرین پرنٹر
حافظ پبلسٹی
اور اشتہارات کی
کتابت کیلئے تشریف لائیں
حافظ شبیر احمد سجاد
0321-4205164
رانا عبدالستار
0321-4187286
ریلوے روڈ شیخوپورہ



© rasailojaraid.com